© rasailojaraid.com

طنز و مزاح

ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات انکی

☆ کپڑے نہ اتارنے پر چنگیز تھانیدار اللہ بخش سومرو پولیس چوکی باغ و بہار (خانپور) کا بھائی کے سامنے جوان بہن پر وحشیانہ تشدد!(ایک خبر)

اے اللہ اس چنگیز پر زمین تنگ کر دے!

☆ آصف زرداری قتل کے مقدمہ میں عدالت کے کٹہرے میں کھڑے ہیں (ایک تصویر)

آصف زرداری بننے کی خواہش کرنے والے عبرت حاصل کریں۔

☆ کرپشن کی کوئی بو نہیں آرہی (صدر لغاری)

منہ کو خون لگ جائے تو درندگی کا کوئی احسا نہیں رہتا۔

☆ لاہور سیشن کورٹ میں دھماکہ، ضیاء الرحمن فاروقی سمیت ۲۹ جاں بحق ۹۰ زخمی۔(ایک خبر)

کیا اس سے عظمت صحابہ کا مشن ختم ہو جائے گا، کتنی گھٹیا سوچ ہے!

☆ چور جہیز لے گئے۔ پولیس کہتی ہے چوری نہیں ہوئی۔ (گڑھی شاہو لاہور کی متاثرہ منور بیگم)

پاکستان کے چور اور پولیس میں کوئی فرق نہیں۔

☆ حیدر آباد میں زہریلی شراب پینے سے ۴۸ افراد ہلاک۔ (ایک خبر)

خس کم جہاں پاک

☆ اپنی حلال کی کمائی سے الیکشن لڑ رہی ہوں (مسرت شاہین)

تو کیا پٹرول کی کمائی حلال کی نہیں ہوتی؟

☆ یہودیوں کا داماد (عمران) اسلامی ملک کی خدمت کیسے کرسکتا ہے۔؟(حکیم سعید دہلوی)

یہود و نصاریٰ (عیسائی) کبھی تمہارے دوست نہیں ہوسکتے (القرآن)

☆ ممتاز بھٹو نے اشتہاری ملزم کی حیثیت سے وزیر اعلیٰ کا حلف اٹھایا (حسین شاہ راشدی)

میرٹ کے عین مطابق ہے۔

☆ ہائی کورٹ نے اظہر سہیل کو بیرون ملک جانے کی اجازت دے دی۔(ایک خبر)

عینک والا جن بوتل سے باہر آگیا۔

☆ "خبریں" کا فوٹو گرافر زیڈ اے شاہد (ذوالفقار علی شاہد) بھی بم دھماکہ میں مارا گیا۔(ایک خبر)

"مرم علی" نے "ذوالفقار علی" کو بھی مار دیا۔

☆ جنوری کے آخر میں اصل نگران آجائیں گے (پگارا)



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

"جان میجر" اور "رافیل" آکر چلے بھی گئے۔ آپ کی اطلاع درست ہے۔

☆ قادیانیوں کو غیر مسلم کی بجائے "احمدی" لکھا جائے گا (وزارت داخلہ کی امیگریشن کو ہدایت)
وزیر داخلہ کو آفریدی کی بجائے "پلیدی" لکھا جائے گا۔

☆ آٹے کی صورت حال بہتر ہوئی ہے (ڈائریکٹر فوڈ)
آپ کے گھر تو ہر چیز مفت پہنچ جاتی ہے۔

☆ سابق وزیر خورشید شاہ پر حاجیوں کی جگہ جیالوں کو بھیجنے کا الزام (ایک خبر)
شاید انہی میں سے آٹے کا سر قلم کو دیا گیا تھا۔

☆ ربوہ میں مسلم طلباء پر تشدد کے واقعہ میں ملوث افراد کو قانون کے مطابق سزا دیں گے۔ (گورنر طارق رحیم)
یعنی پولیس پکڑے گی پیسے لے کر چھوڑ دے گی۔

☆ قاضی کے ساتھ نہیں بیٹھوں گی۔ جہاز میں قاضی حسین احمد کے ساتھ والی سیٹ پر بیٹھی خاتون اٹھ کھڑی ہوئی (ایک خبر)
ایسی عورتوں کو تو لولو پولو کرنے والے مرد اچھے لگتے ہیں۔

☆ ۲۹ افراد کی ہلاکت کے بعد بھی ٹی وی پر مجرے اور ناچ گانے جاری ہیں۔ (ایک خبر)
ارشاد حقانی تیرے منہ پر پانی

☆ افسر شاہی بے کردار ہے۔ افسر فائلیں پڑھے بغیر دستخط کر دیتے ہیں۔ چھوٹے ملازمین کو پکڑ لیا جاتا ہے۔ (احتساب بنچ)
پاکستان بنا ہی افسر شاہی کے لئے ہے۔ سیکرٹری، ایڈیشنل سیکرٹریوں کے اللوں تللوں کے لئے ہیں۔

☆ ملتان پولیس نے ڈبل سواری کرنے والے ۷۰ شہریوں کو حوالات بھیج دیا (ایک خبر)
اور پیسے لے کر وارداتوں کی اجازت دینے والی پولیس کو حوالات کون بھیجے گا۔

☆ ریل گاڑی کے کرایہ میں دس فیصد اور بجلی کی قیمت میں ۱۴ فیصد اضافہ (ایک خبر)
نگران وزیراعظم کے سر پر نداستوں کا پگڑ

☆ حضور ﷺ نے مساوات کی تعلیم دی اس لئے حضرت بلال فوج کے جرنیل بن گئے۔ (عمران خان)
لال بھجکڑ بوجھ گیا اور نہ جانے کو پاؤں میں چکی باندھ کے ہرن نہ کودا ہو!

☆ نواز شریف کو مولوی کا اسلام پسند نہیں تو کیا مسٹر کا اسلام پسند کرتے ہیں؟ (مولانا عبدالستار نیازی)
اسلام کا پتہ نہیں۔ آپ کو بہت پسند کرتے تھے۔

☆ ریما کا اذان کے بارے میں بیان خلاف اسلام نہیں۔ (پیر کاکی تاڑ صفدر بخاری)
... نے لگے ذلیل اذانوں پر تبصرہ کیچ کا ہونے لگا میدانوں میں تبصرہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆ کسی بڑے سیاست دان کے خلاف کرپشن کا کوئی کیس نہیں۔ (احتساب کمیشن)

صرف بیس روپے رشوت لینے والے کی تصویر پولیس کے ساتھ چھپتی ہے

☆ نگران حکومت نے جن لوگوں کے قرضے معاف کئے وہ مجبوری تھی (وزیر اعلیٰ افضل حیات)

بے شرمی کے کوئی سینگ ہوتے ہیں

☆ محرم علی سے ۹۰ء میں بھی بم برآمد ہوئے تھے اس کا بھائی ساجد نقوی کا ڈرائیور ہے۔ (ایک خبر)

اسی لئے ساجد نقوی کا اس کیس سے کوئی تعلق نہیں!

☆ میں چار ماہ عمران کے گھر رہی مری سیر کرنے گئے۔ یوسف صلاح الدین گڈی نامی طوائف ساتھ لے کر گیا۔ (سیتا وائٹ)

عمران سیتا وائٹ۔ صلاح الدین گڈی پاؤندے رہے مری وچ وارو واری لڈی

☆ تین ڈاکو تھانیداروں کو ایس ایس پی کے دفتر میں ہتھ کڑی لگا دی گئی۔ (ایک خبر)

ایک بڑے جرم ... ڈاکو ہوتے تین چھوٹے ڈاکوؤں کو ہتھ کڑی لگا دی۔

☆ پنجاب پولیس اہم شخصیات کی حفاظت کے لئے لیڈی اسٹنٹ انسپکٹر بھرتی کرے گی (ایک خبر)

اہم شخصیات کو غیر محفوظ کرنے کی سازش

☆ پاکستان کو ایرانی کالونی نہیں بننے دیں گے (اعظم طارق)

کالونی تو بنی ہوئی ہے پیغمبر کے دن ایک چھٹی۔ حضرت حسین کے دن دو چھٹیاں

## بقیہ از صفحہ ۷

علماء کا مؤقف تھا کہ کوئی غیر مسلم اپنے آپ کو احمدی نہیں کہلا سکتا۔ یہ نسبت صرف مسلمان کے لئے خاص ہے۔ چونکہ مرزا غلام کادیانی کو نبی ماننے والے "کادیانی" مشہور ہیں اور آئینی طور پر غیر مسلم ہیں اس لئے انہیں "کادیانی" ہی لکھا جائے۔

مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی رہنما اور مدرسہ ختم نبوت ربوہ کے منتظم ابن امیر شریعت سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ مسلمانوں کو کامیابی نصیب ہوئی۔ انہوں نے حکومت سے یہ بھی مطالبہ کیا کہ حالیہ تحریک کے دوران ربوہ میں مسلمان طلبہ نے بھی جلوس نکالا لیکن مرزائیوں نے ان پر حملہ کر کے عقیل احمد ذاکر اور دیگر طالب علموں کو زخمی کیا۔ ہم نے مقدمہ درج کرایا مگر ابھی تک ہمارے نامزد ملزم گرفتار نہیں ہوئے۔ حکومت تمام ملزموں کو گرفتار کر کے مقدمہ چلائے اور انہیں قرار واقعی سزا دے۔


© rasailojaraid.com